PAKISTAN SENATE

House of the Federation

قرارداد نمبر۔596

۱۵۰۰ واں میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

یہ ایوان ۱۵۰۰ ویں میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تاریخی اہمیت کے پیش نظر، یہ قرارداد پیش کرتا ہے کہ وفاقی وصوبائی حکومتیں اس موقع کو اعلیٰ سطح پر قومی پروگرامز میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محافل، میڈیا مہمات اور فلاحی اقدامات اور سرکاری، نیم سرکاری اور نجی عمارتوں اور شاہراہوں کے چراغاں اور سجاوٹ کے ذریعے منائیں۔

تمام سرکاری ونجی ادارے، بشمول تعلیمی وکاروباری ادارے اور میڈیا ہاؤسز، بھرپور شرکت کرتے ہوئے حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحٰبہ وسلم کی تعلیمات کے مطابق امن، رواداری اور اخوت کو فروغ دیں۔

یہ ایوان حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحٰبہ وسلم کی سنت وسیرت کے فروغ کا عزم کرتا ہے اور پوری قوم سے اپیل کرتا ہے کہ اس بابرکت موقع کو نہایت عقیدت، احترام اور اتحاد کے ساتھ منائے۔

محرک سینیٹر عرفان الحق صدیقی کی جانب سے بروز جمعہ 15 اگست 2025 کو ایوان سے متفقہ طور پر منظور کی گئی۔